اقوام متحدہ کے انسانی ہمدردی کے فنڈ نے پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد کے لئے 1ارب 53 کروڑ 58لاکھ روپے مختص کر دیئے

(اسلام آباد/ نیویارک، 7 اکتوبر 2011) سینٹرل ایمرجنسی رسپانس فنڈ (CERF) نے پاکستان کے سیلاب زدہ ہزاروں خاندانوں کو پینے کا صاف پانی، پناہ (شیلٹر) اور حفظان صحت کی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے 1ارب 53 کروڑ 58لاکھ روپے مختص کئے ہیں۔

اقوام متحدہ کے پاکستان میں انسانی ہمدردی کے کوآرڈینیٹر ٹائمو پکالہ نے کہا ہے کہ ''ہم خصوصاً ایسے موقع پر فنڈز کی فوری فراہم کے لئے CERF کے شکرگزار ہیں جب اقوام متحدہ کے امدادی اشیاء کے ذخائر بہت زیادہ کمی کا شکار تھے۔ یہ فنڈز اقوام متحدہ کے اداروں کو لچک دار وسائل فراہم کرتے ہوئے متاثرہ افراد کی زندگیاں بچانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔''

یہ امداد جنوبی پاکستان میں سندھ کے آٹھ انتہائی متاثرہ اضلاع میں عارضی بستیوں میں مقیم انتہائی ناتواں لوگوں کو فراہم کی جائے گی۔ ان میں بہت سے لوگ 2010 کے تاریخی طور پر سنگین سیلاب کے بعد اب تک بحال نہیں ہو سکے ہیں۔ IOM، UN Habitat، اقوام متحدہ ہائی کمیشن برائے مہاجرین، عالمی ادارہ خوراک، ادارہ خوراک وزراعت، یونیسف، عالمی ادارہ صحت، اقوام متحدہ ادارہ آبادی، حکومتی سرابرہی میں امداد اور بحالی کی کوششوں میں مدد فراہم کریں گے۔

42 کروڑ 75لاکھ 74ہزار روپے 96,000 لوگوں کو ہنگامی پناہ کے لئے میٹریل، کمبل اور کچن سیٹ فراہم کرنے پر خرچ کئے جائیں گے۔ 25 کروڑ 30لاکھ 54ہزار روپے تقریباً 270,000 افراد کو خوراک کی فراہمی میں مدد پر خرچ ہوں گے، اور 6 کروڑ 98لاکھ روپے مال مویشیوں کو زندہ رکھنے کے لئے خاندانوں کو فراہم کئے جائیں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ دودھ کی پیداوار جاری ہے اور جتنا جلد ممکن ہو سکا زرعی سرگرمیاں واپس بحال ہو جائیں گی۔

33 کروڑ 16لاکھ روپے سے، 13لاکھ ایسے لوگوں کو صحت کی ہنگامی بنیادی سہولتیں فراہم کی جائیں گی جو ملیریا، ڈینگی اور ہیضے کا شکار ہیں، جب کہ 27 کروڑ 5لاکھ روپے پینے کے صاف پانی کے اہم مسئلے، صفائی ستھرائی اور حفظان صحت کے مسائل حل کرنے پر خرچ کئے جائیں گے۔

OCHA کے آپریشنز ڈائریکٹر جان جنگ کہتے ہیں کہ ''CERF کی جانب سے مختص کردہ رقم پاکستان کے سیلاب 2011 پر فوری ردعمل منصوبے کے لئے اب تک دی جانے رقوم میں سب سے بڑا واحد عطیہ ہے۔ اپیل کے نتیجے میں اب تک لوگوں کی مشکلات دور کرنے اور ان کی زندگیاں بچانے کے لئے فوری طور پر درکار 31ارب 15 کروڑ 18لاکھ کا صرف 15فی صد وصول ہوا ہے۔ خاندان بقاء کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ اب مزید بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔''

CERF کا قیام انسانی ہمدردی کی ہنگامی امداد تیز اور زیادہ مساویانہ بنیاد پر لانے کے لئے فنڈز کی فراہمی کے لئے پانچ سال قبل اسی ماہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے ذریعے عمل میں آیا تھا۔ جب سے اب تک، 120 سے زائد رکن ممالک اور نجی شعبے کے درجنوں ڈونرز نے 2.3 ارب امریکی ڈالر کے فنڈز فراہم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ اس کام کا انتظام اقوام متحدہ کے دفتر برائے انسانی امداد کے معاملات پر تعاون (OCHA) کے ہاتھوں میں ہے۔ CERF تقریباً 80 ممالک میں کام کرنے والے انسانی ہمدردی کے اداروں کے لئے 2 ارب امریکی ڈالر سے زائد فنڈز مختص کر چکا ہے۔

مزید معلومات کے لئے، برائے مہربانی رابطہ کریں:

OCHA اسلام آباد: سٹیسی ونسٹن، +92 300 8502397، stacey.winston@undp.org

حمیرہ محبوب، +92 346 856 3656، mehboob@un.org

OCHA نیویارک: امانده پیٹ، +1 212 963 4129، pitta@un.org

OCHA کی پریس ریلیز www.unocha.org یا www.reliefweb.int پر دستیاب ہیں